میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ انڈونیشیا

بسم الله الرحمن الرحيم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

منگل، 28رجب، 1438ھ | 25/04/2017 | نمبر: 05/1438

پریس ریلز

حزب انڈونیشیا کی جانب سے بیان

رسول اللہ ﷺ کے جھنڈوں اور پرچموں والا لانگ مارچ تکمیل کو پہنچا جس کا عنوان تھا "خلافت اسلامی فریضہ ہے، اور یہی امت کی نجات کا راستہ ہے"

الحمد اللہ رسول اللہ ﷺ کے جھنڈوں اور پرچموں والا لانگ مارچ، جس کا اہتمام حزب التحریر انڈونیشیا نے ملک کے 36 اہم شہروں میں رجب کے مہینے 1438 ہجری بمطابق اپریل 2017 میں "مارابا" کے نام سے کیا تھا، پرامن اور منظم شکل میں اختتام پذیر ہوا۔ تاہم بعض شہروں میں انتظامی پابندیوں کے سبب لانگ مارچ کے مقامات کو تبدیل یا اس میں جلدی یا تاخیر کی گئی، مگر اس وجہ سے اس کی کامیابی میں کوئی کمی نہ ہوئی جو ان ریلیوں کے ذریعے حاصل کی گئی اور نہ ہی اس پیغام کے پہنچانے اور لوگوں کے ردعمل میں میں کوئی کمی ہوئی۔

حزب التحریر انڈونیشیا نے اسلام کی علامات کو مزید واضح کرنے کے لیے "مارابا" ریلی کا اہتمام کیا۔ اس لانگ مارچ کے ذریعے لواء اور رایہ یعنی رسول اللہ ﷺ کے پرچم اور جھنڈے اور اس کے ساتھ خلافت اور شریعت کو واضح اور بیان کیا گیا اور یہ بتایا گیا کہ رایہ اور لواء شریعت اور خلافت سے الگ نہیں ہوسکتے۔ ماضی میں بھی لواء اور رایہ خلافت کی موجودگی اور امت کی وحدت کی علامت تھیں۔ اس لانگ مارچ کا مقصد لوگوں کو اس حقیقت سے روشناس کرانا تھا کہ وہ ان علامات اور افکار کو اچھی طرح سمجھ لیں اور جان لیں یہاں تک کہ وہ امت کی نشاط ثانیہ کے لیے جدوجہد کریں اور اسلام کو پوری دنیا کے لیے رحمت کا دین بنا دیں۔

اس لانگ مارچ کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے پرچم اور جھنڈوں کو ایک بہت بڑے اجتماع اور ایک بات چیت کے فورم، انڈنیشیا خلافت فورم، کے ذریعے بھی عام کیا گیا۔ یہ فورم حزب التحریر کے شباب، جو کہ باصلاحیت اور باہمت ہیں، کے انڈونیشیا میں معاشرے کے مختلف طبقات کے بااثر لوگوں سے میلاپ کے لیے تھا تا کہ امت کے احیاء کے حوالے سے مشترکہ تصور پیدا کیا جائے اور زندگی کو اسلامی بنانے کے لیے تبدیل کیا جائے اور امت کی وحدت کے مقصد کو حاصل کیا جائے جس کی علامات میں سے یہ جھنڈے اور اسلامی پرچم بھی ہیں۔

اس لانگ مارچ کی کامیابی کے حوالے سے حزب التحریر انڈونیشیا یہ کہتی ہے:

1۔ ہم شکریہ ادا کرتے ہیں ان قائدین، علماء، اساتذہ، کاروباری لوگوں، ماؤں، جوانوں، طلباء، صحافیوں اور عوام کا جنھوں نے "مارابا" کی سرگرمیوں کے پورے سلسلے میں پرجوش شرکت کی۔ حزب امن وامان کے قیام کے ذمہ دار تمام اداروں کا بھی شکریہ ادا کرتی ہے کہ انہوں نے ہر سطح پر ان سرگرمیوں کو پرامن اور منظم شکل میں آگے بڑھنے کو یقینی بنایا۔ یقیناً لواء اور رایہ نمائش کے پروگراموں میں ہمارے ساتھ آپ کی شراکت نیک کام ہے جس پر آپ کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی جانب سے اجر ملے گا۔

2۔ اگر "مارابا" کے دوران کوئی کوتاہی یا غلطی ہوئی ہو تو اس پر ہم سب سے معذرت خواہاں ہیں۔

3۔ مختلف علاقوں سے لوگوں کی لواء اور رایہ کے ساتھ "مارابا" میں پرجوش شرکت امت کی جانب سے نبوت کے طرز پر خلافت راشدہ کے قیام کے ذریعے اسلامی زندگی کے حصول کی تمنا کی عکاسی کرتا ہے جہاں شریعت مکمل طور پر نافذ ہو گی۔ ساتھ ہی یہ اس پروپیگنڈے کا بھی جواب ہے کہ لواء اور رایہ دہشت گرد گروہوں کی علامات ہیں۔

4۔ تمام لوگوں اور خاص طور پر حکومت اور سیکورٹی اداروں کو دعوت ہے کہ اس قسم کے سینکڑوں بلکہ ہزاروں سرگرمیاں، جو حزب التحریر ماضی میں بھی کر چکی ہے اور آئندہ بھی کرے گی، یہ سب امت کے جذبات کی ترجمانی ہیں اور یہ قانون کے مطابق ہیں۔ اس لیے ان سرگرمیوں کو اس نظر سے دیکھنا چاہیے کہ یہ حزب انڈونیشیا کی جانب سے لوگوں کے اندر وحدت کی روح پھونک کر ترقی کی راہ پر گامزن ہونے میں اپنا کردار ادا کرنا ہے کیونکہ ان سرگرمیوں کے ذریعے لوگوں کو اللہ کے احکام کی اطاعت کی ترغیب دی جاتی ہے۔ یقیناً حزب انڈونیشیا سمجھتی ہے کہ آج معاشرے کو جن مشکلات، جن بڑھتے ہوئے اخلاقی جرائم کا سامنا ہے یا قانونی ظلم اور معاشی ناانصافی

کا دور دورہ ہے، اس کا سبب وحدت اور اللہ کی اطاعت میں کمزوری ہے، اس لیے ان جیسی عظیم الشان سرگرمیوں سے منع کرنا یا ان کی راہ میں روکاوٹیں کھڑی کرنا یا کسی بھی قسم کی تہمت لگانا مناسب نہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اسلام کو اپنی زندگی میں نافذ کرنا اور اس کے لیے مرمٹنا آج بھی ہر مسلمان کا حق ہے۔

حسبنا الله ونعم الوكيل، نعم المولى ونعم النصير

ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے وہی زبردست کارساز اور مددگار ہے۔

محمد اسماعیل یوسنطو

انڈونیشیا میں حزب التحریر کے ترجمان

Mobile: 0811119796 Email: Ismailyusanto@gmail.com